ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (465)

مورخہ 27.08.2023

# بہاولپور(          )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات کی روشنی میں مسیحی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی کے سخت انتظامات،سینکڑوں پولیس افسران و اہلکار ڈیوٹی پر تعینات، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے،ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے تحت ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات کی روشنی میں اتوار کے روز مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیئے گئے۔جن پر سینکڑوں کی تعداد میں پولیس افسران و اہلکار تعینات کیے گئے۔ضلع کے سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر مامور افسران و اہلکاروں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ ڈیوٹی کی حساسیت کے بارے میں بریف کیا اور ڈیوٹی الرٹ رہ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی ،بعدازاں سیکیورٹی سکیننگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں نے بھی اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی۔ضلع بھر میں قیام امن کو یقینی بنانے کے لئے مختلف مقامات کے علاوہ ضلع کے خارجی اور داخلی راستوں پر جرائم پیشہ افراد کی نقل وحرکت کیلئے موثر سنیپ چیکنگ کا عمل بھی جاری ہے۔ڈی پی او نے مزید ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایس ایچ اوز اور پٹرولنگ ڈیوٹی پر مامور افسران اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد گشت کو ہرصورت یقینی بنائیں،کسی بھی مشتبہ اشخاص سے پوچھ گچھ اور اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد رہنے والے غیر متعلقہ افراد پر بھی نظر رکھیں،معاشرتی امن کے لیے بہاولپور میں رہنے والے تمام اقلیتی برادری کی سیکیورٹی کو فول پروف رکھا جائے،غفلت و لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں امن وامان کے حوالے سے دیگر سیکیورٹی فرائض کے ساتھ عبادت گاہوں میں بھی سیکیورٹی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں،ایسے مقامات کی سیکیورٹی جہاں پر عوام الناس بھاری تعداد میں جمع ہوں ایسی جگہوں پر امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے،مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات کی روشنی میں موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر ضلع بھر میں مسیحی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی پر افسران و جوان الرٹ ہو کر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (466)

27-08-2023

# بہاولپور(          ) آئی جی پنجاب کی ہدایات کے مطابق ڈی پی او سید محمد عباس کی جانب سے بہاولپور پولیس خدمت مرکز سمیت تمام تحصیلوں میں میثاق سینٹر قائم کر دیے، اقلیتی برادری کے تحفظ اور انکے مسائل کے بروقت حل کیلئے اہم اقدامات

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایات کے مطابق اقلیتی برادری کے تحفظ اور موجودہ صورت حال کے پیش نظر بہاولپور پولیس خدمت مرکز سمیت تمام تحصیلوں حاصلپور، یزمان، احمد پور شرقیہ اور خیر پور ٹامیوالی میں میثاق سینٹرز قائم کر دیے گئے۔ جس میں پولیس کا پڑھا لکھا سٹاف تعینات کیا گیا ہے۔ پنجاب پولیس پیغمبر پاک حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے میثاق مدینہ کے عہد اور پاکستان کے قومی بیانیہ کی روشنی میں تمام شہریوں کے مساوی حقوق کو انتہائی اہمیت دیتی ہے۔ ان حقوق کا تحفظ یقینی بناتے ہوئے، میثاق سینٹر بہاولپور میں اقلیتوں خاص طور پر مسیحی برادری اور ہندو برادری کا ترجیحی بنیادوں پر خیال رکھا جا رہا ہے۔ اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور بین المذاہب ہم آہنگی کو فروغ دینے کے لیے پنجاب پولیس بہاولپور کی جانب سے قائم میثاق سینٹر 24 گھنٹے تمام غیر مسلم کمیونٹیز کے پولیس سے متعلق مسائل کے ترجیحی بنیادوں پر حل کے لئے خدمات کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے۔ ڈی پی او سید محمد عباس نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ اقلیتی برادری سمیت تمام شہریوں کے حقوق کا تحفظ یقینی بنانا ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شرپسند عناصر کو بھی واضح پیغام ہیکہ کسی صورت امن وامان کی صورتحال خراب نہیں کرنے دیں گے۔

ترجمان بہاولپور پولیس




بہاولپور: آئی جی پنجاب کی ہدایات کے مطابق ڈی پی او سید محمد عباس کی جانب سے بہاولپور پولیس خدمت مرکز سمیت تمام تحصیلوں میں میثاق سینٹر قائم کر دیے گئے